
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 15 ستمبر 2025

## ہر 10 میں سے 4 (41%) پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستان میں کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات زیادہ عام ہوتے جا رہے ہیں ،شہری علاقوں (37%) کی نسبت دیہی علاقوں کے افراد اس حوالے سے زیادہ پریشان نظر آئے (43%)۔




کیا آپ سمجھتے ہیں کہ کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات پاکستان میں عام ہوتے جا رہے ہیں ؟



Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

قدرتی آفات/سیلاب

## ہر 10 میں سے 4 (41%) پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستان میں کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات زیادہ عام ہوتے جارہے ہیں، شہری علاقوں (37%) کی نسبت دیہی علاقوں کے افراد اس حوالے سے زیادہ پریشان نظر آئے (43%)۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 15 ستمبر 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں سے 4 (41%) پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستان میں کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات زیادہ عام ہوتے جارہے ہیں، شہری علاقوں (37%) کی نسبت دیہی علاقوں کے افراد اس حوالے سے زیادہ پریشان نظر آئے (43%)۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ سمجھتے ہیں کہ کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات پاکستان میں عام ہوتے جارہے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 41% پاکستانیوں کے مطابق "ہاں، کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات پاکستان میں عام ہوتے جارہے ہیں"۔ 20% کے مطابق کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات "کبھی کبھار" ہوتے ہیں۔ جبکہ 11% کا کہنا تھا کہ "ایسے واقعات پہلے بھی ہوتے رہے ہیں" ۔ 20% پاکستانی کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات کو "غیر معمولی" سمجھتے ہیں، جبکہ 8% کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا یا انہوں نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ ملک بھر میں افراد موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث رونما ہونے والے واقعات جیسے کہ کلاؤڈ برسٹ کے حوالے سے پریشان ہیں، اور دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد ان کے اثرات یا خطرے کو سب سے زیادہ محسوس کرتے ہیں۔ جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ شہری علاقوں سے باہر موسمیاتی حالات سے نمٹنے اور آفات سے بچاؤ کی تیاری پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔


**"کیا آپ سمجھتے ہیں کہ کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات پاکستان میں عام ہوتے جارہے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 323 خواتین اور مرد حضرات سے 20 اگست تا 21 اگست 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**<u>شہری–دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج</u>:** دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات میں اضافے سے متعلق رائے میں نمایاں فرق دیکھنے میں آیا ہے۔ اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی زیادہ شرح دیہی علاقوں میں زیادہ پائی گئی، جس میں 43% کا کہنا ہے کہ کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات زیادہ عام ہو رہے ہیں، جبکہ شہری علاقوں کے جوابدہندگان میں یہ شرح 37% پائی گئی، جس سے دونوں علاقوں کے درمیان 7% کا فرق دیکھنے میں آیا ہے۔ شہری علاقوں کے افراد کی زیادہ شرح کا یہ کہنا ہے کہ "کلاؤڈ برسٹ جیسے واقعات کبھی کبھار ہوتے ہیں" (24%)، جو دیہی علاقوں کے 18% جوابدہندگان کی نسبت تھوڑی زیادہ رہی۔ دونوں علاقوں کی رائے میں یہ فرق ظاہر کرتا ہے کہ دیہی علاقے، جو اکثر شدید موسم سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں، وہاں ماحولیاتی خطرات کا احساس یا تجربہ زیادہ ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 15th September 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating
45 years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)